حیسکو پریس ریلیز مورخہ :10.09.2026

حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہمشیرہ مرحومہ آپا نعمت خاتون مورخہ 8 ستمبر 2026 کو انتقال کر گئیں تھیں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کے لیے سوئم/قرآن خوانی مورخہ 09 ستمبر 2026 بروز بدھ کو ادا کر دی گئی۔ حیسکو ترجمان

حیدر آباد (پ ر) حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری اور معروف ایڈووکیٹ سپریم کورٹ احسان اللہ ڈاہری کی ہمشیرہ محترمہ آپا نعمت خاتون بنت لعل بخش ڈاہری مورخہ 08 ستمبر 2026ء کو انتقال کر گئیں۔ مرحومہ کے انتقال پر اہلِ خانہ، عزیز و اقارب اور متعلقین کی جانب سے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا گیا، جبکہ مرحومہ کی روح کے ایصالِ ثواب کے لیے سوئم و قرآن خوانی مورخہ 09 ستمبر 2026ء بروز بدھ، مکان نمبر B-37، قاسم آباد فیز-II، حیدر آباد میں ادا کی گئی۔ قرآنِ مجید میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے: "اَلَّذِیْنَ اِذَا اَصَابَتْهُمْ مُصِیْبَةٌ قَالُوْا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ" یعنی: "وہ لوگ کہ جب انہیں کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو کہتے ہیں: بے شک ہم اللہ ہی کے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ اس موقع پر حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری، معروف ایڈووکیٹ سپریم کورٹ احسان اللہ ڈاہری اور دیگر سوگوار اہلِ خانہ سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا گیا۔ مرحومہ کے لیے دعائے مغفرت، بلندیٔ درجات اور پسماندگان کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی گئی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ آپا نعمت خاتون کی کامل مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، درجات بلند فرمائے اور سوگوار خاندان کو اس عظیم صدمے کو صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ مرحومہ کے اہلِ خانہ سے تعزیت کرنے والوں میں پیر سید محمد جنید باپو، قاری احمد علی سعیدی سنجرانی، الحاج گلشن الٰہی، قاری محمد ارشد رحمانی، کمشنر حیدر آباد فیاض عباسی، ڈپٹی کمشنر زین العابدین، سردار خان محمد ڈاہری، رکن قومی اسمبلی و ممبر اسٹینڈنگ کمیٹی برائے پاور سید وسیم حسین، رکن قومی اسمبلی ایم کیو ایم (پاکستان) ڈاکٹر علیم خانزادہ، ذوالفقار ستار بچانی، رکن صوبائی اسمبلی راشد خان، سابق بی او ڈی ممبر میر علی رضا تالپور، شاہ زمان شاہ، ڈاکٹر کشن چند، نجم الدین ابڑو، سینئر وائس پریزیڈنٹ چیمبر آف کامرس حیدر آباد، حاجی ضیاء الرحمٰن، وائس چیئرمین نوری آباد ایسوسی ایشن اینڈ انڈسٹری، خلیل بلوچ، چیئرمین کوٹری ایسوسی ایشن ٹریڈ اینڈ انڈسٹری، الطاف وہرا، صدر یونیفارم سینٹر، آصف میمن کونچ والا، صدر ریشم بازار حیدر آباد، مقصود احمد چوہان، صدر آل حیدر آباد آئرن اینڈ اسٹیل ایسوسی ایشن، عابد قادری، ڈاکٹر ہادی بخش جتوئی، قائدِ مزدور عبدالطیف نظامانی، مرکزی صدر آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین (سی بی اے)، ساجن پنہور، مرکزی چیئرمین پاکستان واپڈا ایمپلائز پیغام یونین، ڈی جی ایچ آر اینڈ ایڈمن حیسکو شفیق احمد میمن، ڈی جی (کمپیوٹر) نادر خشک، ڈی جی میر اڈ عبدالماجد جتوئی، جنرل منیجر (ٹیکنیکل) طفیل احمد شیخ، جنرل منیجر (پی ایم یو) میڈم فرحہ دیبا، چیف کمرشل آفیسرز کی مختیار، چیف انجینئر (پلاننگ) رمیش کمار، چیف انجینئر (او اینڈ ایم) ٹی اینڈ جی امیر احمد میمن، چیف آپریٹنگ آفیسر اعجاز احمد شیخ، چیف ایچ آر اینڈ پلاننگ/لاء آفیسر تنویر عبداللہ، چیف سپلائی چین منیجمنٹ عمار خان جدون، چیف ٹیکنکل/انجینئرنگ ایڈوائزر طفیل حسین میر بحر، چیف انٹرنل آڈیٹر آفتاب احمد، پی ڈی کنسٹرکشن مقصود احمد کوریجو، پی ڈی (جی ایس سی) آصف حسین بھٹو، ایس ای آپریشن سرکل حیدر آباد عقیل نور میمن، ایس ای آپریشن سرکل لاڑ سہیل احمد شیخ، ایس ای آپریشن سرکل نواب شاہ گلزار احمد دستی، ایس ای آپریشن سرکل میر پور خاص فرمان علی ڈاہانی، ایس ای جی ایس او ساجد علی میمن، سابق حیسکو چیف ذوالفقار علی میمن، منیجر (فنانس) دین محمد کیریو، منیجر (ایچ آر) ناصر علی خان، منیجر (ایڈمن) سیف الدین میمن، منیجر (ایل اینڈ ایل) مانجھی خان ہنگورجو، منیجر (اے ایم آئی) احمد خان سراز، منیجر (ایم ایم) شاہد داؤد پوتہ، ڈائریکٹر (ایس اینڈ آئی) منظور علی مگسی، ریجنل منیجر (ایم اینڈ ٹی) فہیم احمد شیخ، منیجر (سی ایم اینڈ او) مشتاق علی بروہی، انچارج پی ڈی سی غلام سرورانڑ، پرنسپل آر ٹی سی جامشورو صفدر میمن، منیجر (ایچ ایس ای اینڈ ایس ایم) آصف شیراز، ڈپٹی ڈائریکٹر (سروسز) علی خان جمالی، ڈپٹی ڈائریکٹر (ایچ آر) مختیار میمن، ڈپٹی ڈائریکٹر (سی ایم) رشید احمد، ایس ڈی او/کوآرڈینیٹر ولید اد چانڈیو، پی ایس او فراز اشرف، پی اے ساجد علی انصاری، سمیت تمام ایکسیئنز، ڈی سی ایمز، ریونیو آفیسرز، ایس ڈی اوز اور دیگر حیسکو افسران و ملازمین شامل ہیں۔ اس موقع پر مختلف سیاسی و سماجی شخصیات، حیسکو افسران و ملازمین، عزیز و اقارب اور متعلقین نے مرحومہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری، معروف ایڈووکیٹ سپریم کورٹ احسان اللہ ڈاہری اور دیگر سوگوار اہلِ خانہ سے دلی تعزیت کی۔ انہوں نے مرحومہ کے ایصالِ ثواب، مغفرت اور درجاتِ بلندی کے لیے خصوصی دعا کی اور سوگوار خاندان کے ساتھ اس غم کی گھڑی میں مکمل یکجہتی اور ہمدردی کا اظہار کیا۔